© rasailojaraid.com

پیامِ انسانیت

از مولانا سید ابو الحسن علی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۰ ار پتہ :- مرکز اصلاح وتبلیغ لکھنو۔

یہ مولانا سید ابو الحسن علی کی ان پانچ تقریروں کا مجموعہ ہے جو موصوف نے جنوری ۵۴ء میں یو پی کے مختلف شہروں کے پبلک جلسوں میں کی تھیں۔ فاضل مقرر نے ان تقریروں میں جو موجودہ انسانی سوسائٹی کے فساد واختلال کے اسباب کا تجزیہ کر کے مذہب کی ضرورت اور خدا پرستی کی اہمیت پر حکیمانہ انداز اور دل نشین پیرایۂ بیان میں کلام کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ موجودہ فساد کا اصل سبب انسانی مزاج کا فساد ہے، اس لئے جب تک خدا پرستی کے زبردست انجکشن کے ذریعہ اس کی اصلاح نہیں کی جائے گی ہمارا کوئی اقتصادی، سیاسی یا معاشرتی نظام خاطر خواہ نتائج پیدا نہیں کر سکتا۔ اصل جڑ کی جب تک اصلاح نہیں ہوگی محض شاخوں کی کاٹ چھانٹ مفید نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ یہ تقریریں ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے مخلوط مجمعوں میں کی گئیں اور دلچسپی اور عبرت آموزی کے کانوں سے سنی گئیں اسی طرح ان کا مطالعہ ہر شخص کو کرنا اور ان سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

حیاتِ انور

امام العصر حضرت مولانا انور شاہ صاحب کے حالات وکمالات پر ایک نظر

"حیاتِ انور" میں اس صدی کے بے مثال محدث ومحقق امام العصر حضرت مولانا سید انور شاہ کشمیری کے حالات وکمالات پر مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا محمد طیب صاحب، مولانا اعزاز علی صاحب، مولانا محمد منظور نعمانی، مولانا محمد میاں دیوبندی، مولانا مفتی محمد شفیع، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، مولانا سید ابو ظفر ندوی، مولانا محمد انوری، مولانا محمد یوسف بنوری، مولانا سعید احمد اکبر آبادی نے مبصرانہ مضامین تحریر فرمائے ہیں جس میں حضرت شاہ صاحب کے علوم وکمالات اور اخلاق وکردار کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے یہ کتاب علوم قرآن وسنت کا ایک قیمتی ذخیرہ ہے جس کا مطالعہ عوام وخواص کے لئے مفید ہے ۲۰×۳۰ سائز، ضخامت ۳۶۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، مجلد مع ڈسٹ کور کی قیمت چار روپے للعہ

ملنے کا پتہ :- مکتبہ برہان اردو بازار دہلی

© rasailojaraid.com